36606-اس کے لیے ہوائی جہازمیں احرام باندھنا مشکل ہے لھذا اسے کیا کرنا چاہیے

سوال

جب کوئی شخص حج یا عمرہ کرنا چاہے ، اورہوائی جہازمیں اس کے لیے احرام باندھنا مشکل ہو، اورپھراس کے ساتھ اسے میقات کا بھی علم نہ ہوتوکیا وہ جدہ تک احرام باندھنے میں تاخیر کرسکتا ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

جب کوئی شخص حج یا عمرہ کرنا چاہے اوروہ ہوائی جہاز سے سفرکررہا ہے تواسے اپنے گھرسے غسل کرکے اگرچاہے تواحرام کی چادریں پہن لے اورجب میقات میں کچھ فاصلہ رہ جائے تووہ حج یا عمرہ کی نیت کرلے ، اوراس میں کوئی مشقت اور مشکل نہیں ہے ۔

اورجب اسے میقات کا علم نہیں تووہ ہوائی جہازکے پائلٹ یا اس کے عملہ کے ارکان یا کسی ایک ہوائی میزبان یا پھرکسی ثقہ مسافر سے پوچھ سکتا ہے جنہیں اس کا تجربہ بھی ہوتا ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .